Maulana Azad National Urdu University

B.A. V Semester Examination, February 2023

BAIS502DST : Muslim Spain & Ottoman Period

پرچہ : مسلم اندلس اور عثمانی دور

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، دوم، سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے **01** نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **06** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر: 1

(i) عثمانی حکومت کا بانی کون ہے۔

(a) محمد ثانی (b) سلیمان اعظم (c) اورخان (d) عثمان خان

(ii) کس عثمانی سلطان نے قسطنطنیہ کو فتح کیا؟

(a) بایزید یلدرم (b) سلیمان اعظم (c) محمد ثانی (d) محمود ثانی

(iii) ینی چری کس حکومت کی فوج تھی؟

(a) اموی (b) سلجوقی (c) عثمانی (d) عباسی

(iv) کشف الظنون کس کی تصنیف ہے؟

(a) ابوسعود آفندی (b) حاجی خلیفہ (c) حاجی بیرم ولی (d) کمال پاشازادہ

(v) ادرنہ کی سلیمیہ مسجد کس نے تعمیر کی؟

(a) خواجہ سنان پاشا (b) یوسف برکوچک (c) اکبر خطیب (d) ابراہیم پاشا

(vi) فاتح اندلس کون ہے؟

(a) مسلمہ بن عبدالملک (b) طارق بن زیاد (c) محمد بن قاسم (d) حجاج بن یوسف

(vii) خواجہ سنان پاشا کو کس فن میں شہرت حاصل تھی۔

(a) تعمیرات (b) زراعت (c) جراحت (d) ان میں سے کوئی نہیں

(viii) اندلس میں اموی خلافت کا دارالحکومت کس شہر میں تھا؟

(a) مرسیہ (b) طیطلہ (c) قرطبہ (d) باجہ

(ix) الناصرلدین اللہ کسے کہا جاتا ہے؟

(a) عبدالرحمٰن سوم (b) حکم دوم (c) عبدالرحمٰن اول (d) حکم اول

(x) سلطان سلیمان قانونی کا تعلق کس حکومت سے ہے؟

(a) اموی حکومت (b) عثمانی حکومت (c) بنونصر کی حکومت (d) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ دوم

(2) فتح اندلس پر ایک جامع نوٹ تحریر کیجیے۔

(3) حکمراں عبدالرحمٰن الداخل کے کارناموں پر روشنی ڈالیے۔

(4) غرناطہ میں بنونصر کی حکومت پر ایک تعارفی نوٹ قلمبند کیجیے۔

(5) عثمانی حکومت کا قیام کیسے عمل میں آیا؟ بیان کیجیے۔

(6) اندلس کے اموی حکمراں حکم دوم پر ایک مضمون لکھیے۔

(7) عثمانی حکوت کی توسیع میں سلطان سلیم اول کے کردار سے بحث کیجیے۔

(8) اندلس میں علوم نقلیہ کے ارتقاء پر ایک جامع نوٹ قلمبند کیجیے۔

(9) عثمانی عہد کے معاشرتی احوال پر روشنی ڈالیے۔

حصہ سوم

(10) سلطان محمد فاتح پر تفصیلی مضمون قلمبند کیجیے۔

(11) عثمانی دور کی علمی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(12) عثمانی دور کے فن تعمیر پر روشنی ڈالیے۔

(13) حکمراں عبدالرحمٰن سوم کے کارناموں کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

(14) اندلس میں اموی حکومت کے نظم و نسق کے اہم شعبوں پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

☆☆☆